# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 27 August-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۷؍اگست ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ''کھیلو انڈیا ڈائیلاگ'' سے کریں گے خطاب۔

☆ نیپال میں آئے سیلاب میں 105 بھارتی سیاح لاپتہ؛ ریاست کے شہریوں کیلئے ہیلپ لائن نمبر جاری۔

☆ MPSC ڈرگ انسپکٹر پیپر لیک کیس میں کمیشن کے تین اہلکاروں سمیت چھ افراد گرفتار۔

☆ ریاست کے سرکاری اسکولوں میں ضرورت مند طلباء کو مفت چشمے۔

اور۔۔۔☆ سری لنکا کے خلاف ٹسٹ کرکٹ مقابلے میں بھارت کی گرفت مضبوط۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

وزیراعظم نریندر مودی آج ٹیلی ویژن نظام کے ذریعے ''کھیلو انڈیا ڈائیلاگ'' سے خطاب کریں گے۔ اس پروگرام کا بنیادی مقصد بھارت کے کھیلوں کے سفر میں نوجوانوں کی شرکت کو بڑھانا، ان کی امنگوں کو جاننا اور قابل نوجوانوں پر مبنی ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر میں انکے تعاون کو یقینی بنانا ہے۔ ''میرا یووا بھارت'' کے زیراہتمام یہ پروگرام قومی کھیلوں کے دن 2026 کے جشن کا ایک حصہ ہے۔ ''یووا کنیکٹ'' پروگرام ملک کے ہر ضلعے کے دو کالجوں میں منعقد کیا جائے گا۔ اس اقدام کے ذریعے نوجوانوں کو کھلاڑیوں کے ساتھ براہ راست بات چیت کرنے اور بھارتی کھیلوں کے مستقبل کے بارے میں اپنے خیالات اور خواہشات کا اظہار کرنے کا موقع ملے گا۔

یہ پروگرام چھترپتی سمبھاجی نگر کے گورنمنٹ آرٹس کالج میں منعقد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

نیپال میں آئے سیلاب میں 47 افراد ہلاک اور 500 کے قریب لاپتہ ہوگئے ہیں۔ لاپتہ ہونے والوں میں 105 بھارتی بھی شامل ہیں۔ ابتدائی معلومات کے مطابق زلزلے سے برفانی تودہ گرا اور پگھلی ہوئی برف کی ایک بڑی مقدار کوسی ندی میں داخل ہوئی جس سے اچانک سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی۔ سیکیورٹی فورسز نے مختلف مقامات سے 80 افراد کو بحفاظت نکال لیا ہے۔ سیلاب کے پیش نظر، مسلح سرحدی فوج نے بھارت-نیپال سرحد پر اپنی تمام اکائیوں کو محتاط رہنے کا حکم دیا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے نیپال میں آئے سیلاب کی وجہ سے ہونے والے جانی نقصان پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے نیپال کے وزیراعظم بالیندر شاہ سے بات کی اور کہا کہ ہندوستان مشکل کی اس گھڑی میں نیپال کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔

دریں اثناء سیلاب میں پھنسے ریاست کے شہریوں کیلئے ہیلپ لائن نمبر جاری کیے گئے ہیں۔ منترالیہ کا کنٹرول روم 24 گھنٹے کھلا رکھا ہے اور جن لوگوں کو کسی بھی قسم کی مدد کی ضرورت ہو ان سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اسٹیٹ کنٹرول روم کے ہیلپ لائن نمبر 1070 یا موبائل نمبر 43 71 58 21 93 پر رابطہ کریں۔

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع انتظامیہ نے یہ نمبر 7 07 31 23 -0240 اور 04 51 33 50 73 جاری کیے ہیں۔
ضلع انتظامیہ نے ناندیڑ ضلع کے سیاحوں سے جو نیپال میں پھنسے ہوئے ہیں ان سے ٹول فری نمبر 77 50 23 -462 02 یا 77 10 پر رابطہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی پبلک سروس کمیشن–MPSC کے ڈرگ انسپکٹر امتحان کے پیپر لیک ہونے کے معاملے میں ممبئی پولس نے کمیشن کے تین افسران سمیت کل چھ لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ گرفتار شدگان میں ایم پی ایس سی کے انڈر سکریٹری اور سیل آفیسر شامل ہیں۔ عدالت نے ان تمام ملزمان کو بدھ تک پولس کی تحویل میں دے دیا ہے۔ رکن اسمبلی روہت پوار نے اس معاملے میں ایم پی ایس سی چیئرمین کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

سائبر مجرمین شہریوں کو پولس، CBI یا ججوں کے نام پر دھمکیاں دے کر دھوکہ دے رہے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اپیل کی ہے کہ اگر آپ کو دھوکہ دیا گیا ہے تو آپ ایسے معاملات کا شکار ہوئے بغیر فوری طور پر سائبر ہیلپ لائن نمبر 1930 پر رابطہ کریں۔ وہ کل ممبئی میں 'ڈیجیٹل اریسٹ' عوامی بیداری کی مختصر فلم اور '1930 مہاراشٹر سائبر ترانے' کی رونمائی کے بعد اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ دھوکہ دہی کے بعد 'گولڈن اَوَر' بہت اہم ہے، اور اگر آپ فوری طور پر شکایت درج کراتے ہیں تو رقم روکنے یا وصولی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔
وزیرِ اعلیٰ نے وائس کلوننگ، ڈیپ فیک اور جعلی آڈیو ویڈیو جیسے سائبر خطرات کے بارے میں شہریوں میں وسیع پیمانے پر بیداری کی ضرورت کا بھی اظہار کیا۔

***** ***** *****

محکمہ اسکولی تعلیم نے ریاست کے اسکولی طلبہ کی آنکھوں کی صحت کا خیال رکھنے کیلئے ایک سہ فریقی مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ اس معاہدے کے مطابق سرکاری اسکولوں میں پانچویں سے دسویں جماعت کے 20 لاکھ طلباء کی آنکھوں کا معائنہ کیا جائے گا اور نظر کی کمزوری کے شکار ضرورت مند طلباء کو مفت نسخے کے چشمے فراہم کیے جائیں گے۔ وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس، نائب وزیر اعلی ایکناتھ شندے اور اسکولی تعلیم کے وزیر دادا بھوسے کی موجودگی میں کل ممبئی میں اسکولی تعلیم محکمہ، رَتن نِدھی چیریٹیبل ٹرسٹ اور One Sight Essilor Luxotica Foundation کے درمیان حال ہی میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن محکمے کے کمشنر تکارام منڈھے نے کہا ہے کہ محفوظ خوراک اکیلے حکومت یا انتظامیہ کی ذمہ داری نہیں ہے، بلکہ شہری خوراک کے تاجروں اور ریگولیٹری اداروں سمیت سبھی کو اسکے لیے مل کر کام کرنا ہوگا۔ وہ کل ممبئی میں صحافیوں سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ شہری تہواروں کے موسم میں اشیائے خورد و نوش کی خریداری کے دوران معیار، قیمت اور ایکسپائری ڈیٹ جیسی تمام چیزوں کو چیک کریں۔ منڈھے نے یہ بھی کہا کہ ریاست میں کھلے تیل کی فروخت پر پابندی لگانا کوئی نیا حکم نہیں ہے، کھلے تیل کے بارے میں 2011 سے قوانین نافذ ہیں، تاہم کچھ خاص حالات میں کھلے تیل کی فروخت سے متعلق قوانین میں چھوٹ دی جاسکتی ہے۔ منڈھے نے بتایا کہ 31 جولائی تک، FDA نے ریاست کے تین ہزار ایک سو سے زیادہ فوڈ اداروں کا معائنہ کیا، جن میں سے 165 لائسنس منسوخ کردیے گئے، اور 750 اداروں کو بہتری کیلئے نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

کل ہرطرف یوم رحمت اللعالمین عید میلا دالنبیؐ جوش وجذبے سے منائی گئی۔اس موقعے پرحضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے مقدس پیرہن اور موئے مبارک کی زیارت کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگرضلعے کے خلدآباد میں لاکھوں کی تعداد میں عقیدت مندجمع ہوئے۔چھترپتی سمبھاجی نگرشہر میں بھی میلاد النبیؐ کے موقعے پرعظیم الشان جلوس نکالے گئے۔پولس کمشنر پروین پوار کی موجودگی میں ان جلوسوں کا استقبال کیا گیا۔سماجی وابستگی کے پیغام کوعام کرنے کے لیےشہر کے چھ مقامات پرخون کےعطیہ کیمپ اورخوراک کےعطیات کاانعقادکیا گیا۔

میلاد کے موقعے پرلاتورکے KGN گروپ کی جانب سے عیدگاہ میدان میں منعقدہ عظیم الشان خون عطیہ کیمپ کوزبردست ردعمل ملا۔اس کیمپ میں لوگوں کی بڑی تعداد نےخون کاعطیہ کیا۔

بیڑ کے بارشی ناکہ علاقے میں مسلم بھائیوں کی جانب سے جلوس نکالا گیا۔اس موقعے پرایک دوسرے کومبارکباد دیتے ہوئے سماجی ہم آہنگی اور اتحادکاپیغام دیا گیا۔

***** ***** *****

پیاز کی قیمت استحکام اسکیم کےتحت NAFED اور NCCF کےذریعےخریدا گیاتقریباً ساڑھے چارسومیٹرک ٹن پیازکل ناسک ضلعے کے لاسل گاؤں سے ایک خصوصی ٹرین کے ذریعے دہلی کے لیے روانہ ہوا۔یہ انتظام مرکزی حکومت کی صارفین کےتحفظ کی وزارت نےشہری علاقوں میں صارفین کو مناسب قیمت پرپیازفراہم کرنے کیلئے کیا تھا۔

***** ***** *****

لاتورضلع کےسرکاری اسپتالوں کے فائرآڈٹ اوراسٹرکچرل آڈٹ کوفوری طورپرمکمل کرنے کی ہدایت رابطہ وزیرشیویندرراجے بھونسلے دی ہے۔وہ کل اس ضمن میں منعقدہ جائزاتی اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔اس بات کویقینی بنانے کیلئے کہ یہ زیادہ موثرطریقے سے کام کررہے ہیں انھوں اسپتال میں آگ بجھانے کےنظام اورفائرالارم کوچیک کرنے کی ہدایت کی؛ خاص طورپرآئی سی یواورکمرے میں جہاں آکسیجن سلنڈراورونیٹی لیٹرزرکھے گئے ہیں۔

***** ***** *****

ممبئی میں آج ہونے والے کرانتی کاری شیتکری سنگھٹنا کے احتجاج کے پیش نظرمیں لاتورضلعے میں پولس نےتنظیم کے ریاستی صدرراجو کسبے اور کارکنوں کوکل اوجنی ٹول ناکے پرروک دیا تھا۔تاہم،کسبے،سینکڑوں کسانوں کےساتھ،پولس سے بچ کرممبئی کی جانب روانہ ہوگئے۔ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ ضلعے کےٹول ناکے پرپولس کی جانب سے قافلےکوروکنے کے بعدمظاہرین اورپولیس کےدرمیان زبانی جھڑپ بھی ہوئی۔

***** ***** *****

کولمبو میں کل دوسرےٹیسٹ کرکٹ مقابلے کے چوتھےدن کے اختتام پرسری لنکا نے 16 رنز کی برتری حاصل کرلی۔بھارت کی پہلی اننگز کے 503 کےمجموعی اسکور کےتعاقب میں سری لنکا کی پہلی اننگزکل 290 رنز پرختم ہوئی۔بھارت نے پہلی اننگز میں 213 رنز کی برتری حاصل کرنے کے بعدسری لنکا کوفالوآن دیا۔اسکےبعدسری لنکا نے دن کے اختتام پرچھ وکٹ پر229 رنزبنالیے۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے اگلے تین دنوں تک مراٹھواڑہ کے بیشتراضلاع میں گرج چمک کےساتھ ہلکی سے درمیانی بارش کاامکان ظاہرکیا ہے۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اورآخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ’’کھیلو انڈیا ڈائیلاگ‘‘ سے کریں گے خطاب۔

☆ نیپال میں آئے سیلاب میں 105 بھارتی سیاح لاپتہ؛ ریاست کے شہریوں کیلئے ہیلپ لائن نمبر جاری۔

☆ MPSC ڈرگ انسپکٹر پیپر لیک کیس میں کمیشن کے تین اہلکاروں سمیت چھ افراد گرفتار۔

☆ ریاست کے سرکاری اسکولوں میں ضرورت مند طلباء کو مفت چشمے۔

اور۔۔۔☆ سری لنکا کے خلاف ٹسٹ کرکٹ مقابلے میں بھارت کی گرفت مضبوط۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****